## سوال

(101)ایک بے اصل بات

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کہا جاتا، "کہ بلال رضی اللہ عنہ کی سیاہی سے جنت کی حوریں وشم کریں گی، "کیا یہ صحیح ہے؟ (اخوکم : محمد اسماعیل)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ولاحول ولاقوة الاباللہ

یہ تو واضح جھوٹ ہے جس کی کوئی دلیل نہیں۔ اس کے باطل ہونے کی دو دلیلیں ہیں۔

پہلی تو یہ کی وشم کوئی زینت نہیں جیسے کہ عقلاء جانتے ہیں اور دوسری یہ کہ وشم (گندوان) شریعت اسلامی میں ممنوع ہے اور ممناعت کی وجہ فساد ہوتی ہے اور جنت وہ پاک جگہ ہیں جہاں فساد راہ نہیں پا سکتا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ الدین الخالص**

# ج1ص207

**محدث فتویٰ**